ادبیات

خیال و خامہ
جاوید احمد غامدی

o

لوگ کہتے ہیں کہ ہم نے نذر صحرا کر دیا
ایک قطرہ تھا، تری رحمت نے دریا کر دیا

سینۂ آدم میں اک آتش فشاں رکھا گیا
جی میں کیا آئی کہ پھر نقش سویدا کر دیا

اور کیا لینا تھا آنکھوں میں بسا لینے کے بعد
وائے ناکامی ، زلیخائی نے رسوا کر دیا

مے کدے کا در نہیں کھلتا فقیروں پر تو کیا
موسم گل نے ہوائے گل کو صہبا کر دیا

آسماں دیکھے ذرا ابلیس کا اعجاز بھی
جو کبھی زیبا نہ تھا ، اُس کو بھی زیبا کر دیا

کیا طبیعت ہے کہ گویا سرخوشی بھی کام تھا
جب ذرا فرصت ملی ، غم کا تقاضا کر دیا

www.javedahmadghamidi.com
www.al-mawrid.org

زندگی جن سے عبارت تھی وہ اندھے ہی رہے
ریت کے ذروں کو لیکن ہم نے بینا کر دیا

www.al-mawrid.org
www.javedahmadghamidi.com

"Note from Publisher: Al-Mawrid is the exclusive publisher of Ishraq. If anyone wishes to republish Ishraq in any format (including on any website), please contact the management of Al-Mawrid on info@al-mawrid.org. Currently, this journal or its contents can be uploaded exclusively on Al-Mawrid.org, JavedAhmadGhamidi.com and Ghamidi.net"